where you come first



سال 2020 میں استحکام کا سفر

where you come first

**UNITED BANK LIMITED**
Corporate Affairs & Marketing,
12th Floor, I.I. Chundrigarh Road, Karachi - 74000, Pakistan.
UAN: 111-825-888 Website: www.ubldigital.com



UBL Head Office, Karachi.

# پیش لفظ

1959 سے قائم شدہ، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (یو بی ایل) پاکستان میں بینکاری اور مالیاتی خدمات کے شعبہ میں سب سے آگے ہے۔ ملک بھر میں 1400 سے زائد برانچوں، 1400 سے زائد اے ٹی ایمز اور 36,000 سے زائد برانچوں کے بغیر بینکنگ ایجنٹس اپنے نیٹ ورک کے ذریعے 1 کروڑ سے زائد کسٹمرز کو اپنی خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ یو بی ایل نے ہمیشہ اپنے آپ کو ایک مخلص اور معزز کارپوریٹ ادارے کے طور پر مستحکم رکھنے کی کوشش کی ہے۔ بینک کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہے اور اپنے طریقہ کار، نظام، پراڈکٹس اور خدمات میں بہتری کے لیے مسلسل کوشاں ہے تا کہ اپنی بینکنگ انڈسٹری میں اپنی قدر بڑھا سکے۔ ایک شفاف اور مصلحت آمیز مستحکم پر مبنی ایجنڈے کے ذریعے، یو بی ایل ماحول، کسٹمرز، ملازمین، کمیونیٹیز اور اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کی بہتری کے لیے بنائے گئے منصوبہ جات کو عملی جامہ پہنا کر مثبت اثرات پیدا کرنا چاہتا ہے

سال 2020 غیر معمولی عالمی وباء کے اثرات کی زد میں رہا، لیکن یو بی ایل نے ان شعبوں میں اپنی مستحکم کوششوں میں اضافہ کیا ہے تا کہ کمیونیٹز کی بہتر طور پر خدمت کی جا سکے، جبکہ سال 2020 کے دوران ان پراجیکٹس کا زیادہ تر حصہ براہ راست یا بالواسطہ Covid-19 وبا کے اثرات کو زائل کرنے میں لگ گیا۔ اس کے علاوہ دیگر پراجیکٹس بھی تھے جن کی وجہ سے اہم شعبوں میں یو بی ایل کی استحکام کی کوششوں کو تقویت دی گئی جیسا کہ تعلیم، ہیلتھ کیئر۔ ان منصوبہ جات میں سے کچھ میں ملازمین کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اور یو بی ایل ٹیم بہ رضا و رغبت اپنی کمیونٹیز کے لیے کام کر رہی ہے، ان کی اسی شمولیت کے اعتراف میں یو بی ایل کو Covid-19 کے دوران ایک ملٹی نیشنل مارکیٹ ریسرچ اور کنسلٹنگ فرم نے سال 2020 کے لیے اپنے سروے میں 'Most Supportive Brands of Pakistan' کے ٹاپ ٹین میں شامل کیا ہے۔



# صدراورسی ای اوکاپیغام

ہماری حالیہ تاریخ میں سال2020ایک مشکل ترین سال تھا۔کوویڈ-19 کی وجہ سے عالمی معیشت میں سست روی کا رجحان رہاجس سے زیادہ ترکاروباراورافراد پرنہایت منفی اثرات مرتب ہوئے۔

یوبی ایل کامستحکم پروگرام ہمیشہ مشکل گھڑی میں ہماری مقامی آبادیوں کا سہارابنتا ہے۔اس سال ہماری توجہ کامرکزکورونا کی وباءسے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پرمتاثر ہونے والے افراداوراداروں کی معاونت تھا۔اس دوران بینک نے خطیر مالی وسائل کی فراہمی سے جتناممکن ہوا،زیادہ سےزیادہ متاثرہ افرادتک پہنچنے کاعزم وارادہ کیا۔

اس میں کورونا کے مریضوں کی اپنے شراکت داروں کے ذریعے مدد کرنا،ہسپتالوں کوزندگی بچانے والے آلات کی فراہمی اورحکومت کی جانب سےکورونا کےخلاف امدادی سرگرمیوں کے لیے مالی وسائل فراہم کرناشامل تھا۔

اپنے عملے کے لیے ورک فرام ہوم کی استعداد میں خاطرخواہ اضافے،شفٹوں کا انتظام وانصرام اورمختلف مقامات پرکئی ٹیموں کی تشکیل کے ذریعے ہم نےیقینی بنایا کہ ہمارے ملازمین محفوظ ہوں اور ہمارے بینک صارفین کے لیے کاروباری تسلسل بھی برقرار رہے۔

برانچ میں تشریف لانے کے متبادل کے طور پرہم نے اپنی ڈیجیٹل بینکاری کے صارفین کے تناسب میں اضافہ کیا۔بینک نے اپنی ڈیجیٹل بینکاری کےساتھ 900 سے زائدتعلیمی اورسرکاری اداروں،کلبوں، چھاؤنیوں، یوٹیلیٹی کمپنیوں اوردیگربل وصول کنندگان کواپنی ڈیجیٹل بینکاری کےساتھ منسلک کیااوروٹس ایپ بینکنگ کا آغاز کیا تاکہ ہمارے صارفین گھر سے ہی بینکاری کی سہولیات کا فائدہ اٹھاسکیں اوروہ بینک آنے کی زحمت سے بچیں۔صارفین بینک آئے بغیر ہماری ڈیجیٹل سلف سروس آن بورڈنگ خصوصیات سے اپنابینک اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔حال ہی میں ہم نے 'Tap and Pay' کا آغاز کیاجس سے ہمارے صارفین اپنے موبائل کی ڈیوائسز سے بلا رابطہ ٹرانزیکشنز کا فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔اس کےعلاوہ بینک نےکوروناسےمتاثرہ اپنے صارفین کوسٹیٹ بینک آف پاکستان کےکوویڈ19 ریلیف اقدامات کےتحت بھی معاونت فراہم کی۔

ان مشکل حالات میں،یوبی ایل کے لیے یہ فخرکی بات ہے کہ اسے دنیا کی ممتاز مالیاتی پبلیکیشن،دی بینکرنے بینک آف ایئرکےاعزاز سےنوازا۔یہ گزشتہ دہائی کےدوران ہمارے لیے چوتھااعزاز ہے۔اسی طرح ایشیامنی پبلیکیشن سے وابستہ ایشیامنی2020میں اور پاکستان بینکنگ ایوارڈز2020میں دوبارہمیں پاکستان کا''بیسٹ ڈیجیٹل بینک'' قراردیا گیا۔

اس طرح کی پذیرائی سے ہمیں تقویت ملتی ہے کہ ہم اپنی کامیابوں میں اضافہ کریں اورصارفین کی خدمات میں مزیدبہتری لائیں،کورونا بحران کےدوران،ایک ملٹی نیشنل مارکیٹ ریسرچ اور کنسلٹنگ فرم IPSOS کی طرف سے ایک سروے کرایا گیا تھاجس میں یو بی ایل کودس بہترین میں سےایک "Most Supportive Brands of Pakistan" مانا گیا ہے،موجودہ صورتحال میں اس اعزاز سے ہمارا سرفخرسے بلندہوگیا ہے۔

ہماری اقدار کےساتھ وابستگی کی وجہ سےہمیں حوصلہ ملتا ہے کہ ہم اپنی کمیونٹی کیلئے معاون ثابت ہوں۔اس کے علاوہ سال2020 نے ہمارے استحکام کےسفرکواجاگرکیا ہے۔

ہم پاکستان اوراس کی آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل،صحت منداورخوشحالی کے لیےآگے کی طرف بڑھانے کے لیےکوشاں ہیں۔

شہزادجی دادا





# سال 2020 میں استحکام کا سفر - اہم جھلکیاں

| نمبر شمار | ادارہ | کیٹگری | شہر | پی کے آر ایم ایم |
|---|---|---|---|---|
| 1 | پرائم منسٹر کووِڈ-19 پینڈیمک ریلیف فنڈ-2020 | ہیلتھ کیئر | پاکستان بھر میں | 100.00 |
| 2 | نمل ایجوکیشن فاؤنڈیشن | ایجوکیشن | میانوالی | 95.00 |
| 3 | عبدستار ایدھی فاؤنڈیشن | ہیلتھ کیئر | کراچی | 43.00 |
| 4 | شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال | ہیلتھ کیئر | کراچی | 33.00 |
| 5 | سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ | کمیونٹی ویلفیئر | پاکستان بھر میں | 25.00 |
| 6 | نور انٹرنیشنل (4 وینٹی لیٹرز) | ہیلتھ کیئر | کراچی | 11.20 |
| 7 | سہارہ فار لائف ٹرسٹ | ہیلتھ کیئر | نارووال | 10.00 |
| 8 | لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز | ایجوکیشن | لاہور | 10.00 |
| 9 | ایف ۔سی کالج | ایجوکیشن | لاہور | 5.00 |
| 10 | شالیمار ہسپتال | ہیلتھ کیئر | لاہور | 5.00 |
| 11 | انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن | ایجوکیشن | کراچی | 3.44 |
| 12 | میری ایڈیلیڈ لیپروسی سنٹر | ہیلتھ کیئر | خیبر پختونخوا | 0.85 |
| 13 | این آئی سی ایچ بذریعہ اوکس | ہیلتھ کیئر | کراچی | 0.50 |
| ٹوٹل | | | | 341.99 |